19/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمانسے خبریں سُنیے۔

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........ زرعی شعبے کو تقویت بخشنے کیلئے 29مئی سے 12جون تک ملک میں چلایاجا ئے گا وکست کرشی سنکلپ ابھیان۔

*.......لیفٹنٹ گورنر نے شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ اور شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کو از سر نو دیا تشکیل۔

*.......وزیر اعلیٰ نے مکانات و شہری ترقی کے تحت محکموں کی تشکیل نو سے متعلق منصوبوں کا لیا جائزہ ۔

اور

*.......اقلیتی امور کے مرکزی وزیر و کا دورہ لیہہ// کہا حج عازمین کی راحت رسانی حکومت کی ترجیحات میں شامل ۔

**کرشی مہم**

**مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک مینوکست کرشی سنکلپ ابھیان نامی قومی مہم رواں مہینے کی 29تاریخ کو شروع ہو کر 12جون کو اختتام پذیر ہوگی ۔**

**آج نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ مہم کا مقصد کسانوں کو جدیدٹیکنالوجی اور اعلیٰ معیار کے بیجوں کے فوائد سے روشناس کرانا ہے۔**

**انہوں نے کہا کہ یہ مہم ملک کے 723 ضلعوں میں چلائی جائے گی اور لگ بھگ ڈیڑھ کروڑ کسانوں کو اس کے دائرے میں لایا جائے گا۔**

**ایل جی بورڈ**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کو از سر نو تشکیل دیا ہے اور زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے نو معروف شخصیات کو بورڈ کی ارکان کی حیثیت سے تین سال کیلئے نامزدکیا ہے ۔ا س سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر جو شری امر ناتھ شرائن بورڈ کے چیر مین بھی ہیں، نے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے ۔ نو ارکان میں سوامی اودیش آنند گری جی مہاراج ، پروفیسر کیلاش مہرہ سادھو ، کے کے شرما ،کے این رائے ،مکیش گرگ، ڈاکٹر شیلیش رینا ، ڈاکٹر سمردھی بندِرو ، سُریش ہوارے اور پروفیسر ویشوا مورتی شاستری شامل ہیں۔**

**دریں اثنا ایل جی نے شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کو بھی از سر نو تشکیل دیا ہے اور زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے نو ارکان کوتین سال کیلئے ممبران کی حیثیت سے نامزد کیا ہے ۔ ان ممبران میں سُدھا مورتی ، مہا منڈلیشور شری سوامی ویشویشورآنند گری جی مہاراج، ڈاکٹر اشوک بھان ، بلیشور رائے ، گنجن رانا ، ڈاکٹر کے کے تلوار ، کلبھوشن آہوجا ، للت بھسین اور سُریش کمار شرما شامل ہیں۔**

**عمر عبداللہ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگرمیں ایک میٹنگ کے دوران مکانات و شہری ترقی کے تحت محکموں کی تشکیل نو سے متعلق منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے ادارہ جاتی صلاحیتوں کومستحکم کرنے کی ضرورت پر زو ردیاتاکہ وسائل کے موثر تصرف اور ان کی دیر پائیت کو یقینی بنایاجا سکے۔

وزیرا علیٰ نے کہاکہ تشکیل نوکے ان پروجیکٹوں کی عمل آور ی سے ایک طرف متعلقہ محکمے کی صلاحیتونکو فروغ حاصل ہوگا اور دوسری طرف جموں کشمیر میں شہری حکمرانی کے نظام میں معقولیت لانے میں بھی مدد ملے گی ۔

میٹنگ میں وزیرا علیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے ۔

ریجیجو

حج کمیٹی لداخ کے چیر مین حاجی محمد علی مجاز نے آج لیہہ میں پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجیجو کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں مطالبات کا ایک میمورنڈم پیش کیا ،جس میں کرگل میں پاسپورٹ سیوا کیندار کو جلد چالو کرنے کا معاملہ شامل ہے ۔

انہوں نے سرینگر میں رکے پڑے حج عازمین کیلئے پروازوں کا انتظام کرنے کا معاملہ بھی وزیر موصوف کی نوٹس میں لایا ۔کرن ریجیجو نے انہیں یقین دلایا ہے کہ حج عازمین کے معاملات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے اور ان کی راحت رسانی مرکزی سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

اننت ناگ ریلی

ملک کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کے الگ الگ علاقوں مینبھی ترنگا ریلیوں کا سلسلہ جاری ہے ۔BJPکی طرف سے آج اننت ناگ مینپارٹی کے ترجمان الطاف ٹھاکر کی قیادت میں ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا،جس دوران آپریشن سندور کے دوران فوج کی کامیابیوں کو اجا گر کیا گیا ۔

اس موقعے پرالطاف ٹھاکر نے ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ با ت کرتے ہوئے کہا۔

........Altaf Thakur........

کھٹوعہ ریلی

ادھر کھٹوعہ میں بھی آپریشن سندورکی کامیابی کو منانے کیلئے آج ایک بڑی ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ ہمارے جموں کے نمائندے نعیم گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ سینئر BJP لیڈر ڈاکٹر نرمل سنگھ کی قیادت میں منعقدہ یہ ریلی مکھر جی چوک سے شروع ہو کر شہیدی چوک میں اختتام پذیر ہوئی جس میں کافی تعداد میں پارٹی کارکنوں اور عام لوگوں نے شرکت کی ۔

دریں اثنا سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ کھٹوعہ کے لوگوں نے ترنگا ریلی میں بڑھ چڑھ کر شرکت کرکے مسلح افواج کے کام کی تعریف کرکے ایک مرتبہ پھر حب الوطنی اور قوم پرستی کے جذبے کو تقویت پہنچائی ہے ۔

سندور

22 اپریل کے پہلگام حملے کے رد عمل میںبھارت نے جو آپریشن سندور عمل میں لایا، اُس کی کامیابی پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے الگ الگ انداز میں اپنے خیالات کااظہار کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کولگام کے ایک نوجوان نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

----Byte----

پرم ویر چکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ میجر راما سوامی پرمیشورن کو یادکر رہے ہیں۔

پیش ہے ہمارے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

درخشان اندرابی

لیڈر درخشان اندرابی نے کرناہ کا دورہ BJPجموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن اور سینئر کرکے وہاں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرین کے مسائل کا جائزہ لیا۔

میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہائیوں تک دہشت گردی کی پشت پناہی کی ۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران بھارت نے دہشت گرد کیمپوں کو تباہ کرکے پاکستان کو ایک موثر جواب دیا۔

جموں اسکول

جموں صوبے کے جموں ، سانبہ ، کھٹوعہ ، راجوری ، پونچھ اور ادھمپور ضلع کے تمام اسکولوں میں آج سے تدریسی سرگرمیاں دوبارہ شروع ہوئیں ،جنہیں سرحدوں پر بھارت اور پاکستان کے درمیان تناؤ کی وجہ سے بند کر دیا گیا تھا ۔

ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اسکولی تعلیم کے محکمے نے سلامتی کو یقین بنانے کیلئے وضع کئے گئے رہنما خطوط پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

دیویدی

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے آج لونگے والا کا دورہ کرکے کُونارک کور کی اگلی چوکیوں کا معائنہ کیا ۔ اس موقعے پر انہو ں نے آپریشن سندور کے دوران مسلح افواج کے رول کی ستائش کی ۔

نے باہمی تال میل کے ساتھ BSF انہوں نے کہا کہ آپریشن کے دوران بھارتی فوج، فضائیہ اور کام کیا ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج مسکین باغ سرینگر میں مادر مہربان ویلفیئر انسٹی چیوٹ کا دورہ کرکے اس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر وزیر موصوفہ نے کہاکہ حکومت جموں کشمیر بھر میں عام لوگوں کی بہبود ی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ناظم تعلیم

ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے کہا ہے محکمہ تعلیم میں اس وقت لگ بھگ 17ہزار اساتذہ غیر تربیت یافتہ ہیں۔

سرینگر میں انسٹی چیوٹ آف ایڈوانس ا سٹیڈیز ان ایجوکیشن کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اناساتذہ کو مرحلہ وار طریقے کرایا جائے گا ۔ انہوں نے کہا-B.Ed پر

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر جموں کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ موجودہ سرکار نے روز اول سے ہی لوگوں کی بہبودی کے کام شروع کئے ہیں اور لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو ہر صورت مینپورا کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاستی درجے کی بحالی کیلئے کاوشیں جاری رکھی جائیں گی ۔

دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور مختلف معاملات پر ان سے تبادلہ خیال کیا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میںانجمن شرعی شعیان کے صدر آغا سید حسن الموصوی الصفوی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

یونیورسٹی

UG-PG کشمیر یونیورسٹی نے انڈرگریجوٹ اور انٹیگریٹیڈ پروگراموں میں داخلوں کیلئے آن لائن درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ26مئی تک بڑھا دی ہے۔

پروگرام اطلاع

ایک اطلاع پروگرام شہر شہرمنظر کے حوالے سے :-

سامعین اگر آپ اپنے مسائل کو اس پروگرام کے ذریعے سے اجا گر کرکے متعلقہ حکام کی نوٹس میں لانا چاہتے ہوں، تو آپ ہر سوموار ، منگلوار اور بدھ کو صبح ساڑھے دس بجے سے دو پہر 12بجے تک فون نمبر0194-2452019پر کال کرکے اپنے مسائل حل کروا سکتے ہیں۔

فون نمبرا یک مرتبہ پھر سنیئے:-

0194-2452019

خراج

صدر جمہوریہ در و پدی مرمو نے سابق صدر نیلم سنجیوا ریڈی کو ان کے جنم دن کے موقعے پر آج راشٹر پتی بھون میں ایک تقریب کے دوران خراج عقیدت اداکیا۔

نیلم سنجیوا ریڈی25جولائی1977سے لیکر25جولائی1982تک بھارت کے چھٹے صدر رہے ہیں۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج نیدر لینڈ ، ڈینمارک اور جرمنی کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔

وزیر موصوف دورے کے دوران ان تین ممالک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دو طرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے سے جڑے امور نیز متعدد عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

ہوا

جموں کشمیر کے مختلف علاقونمیں گرمی کی شدت میں ہر گذرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے، تاہم لازمی احتیاط برتنے سے گرمی کے مضر اثرات سے کافی بچا جاسکتاہے۔

ادھر وادی کے مختلف علاقوں میں کل رات تیز ہواؤں اور بارشوں کی وجہ سے کئی مکانات کے ساتھ ساتھ میوہ باغوں اور کھڑی فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔

ہمارے شوپیان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ کیلر تحصیل کے چیوان جنگلات میں کل رات ایک رہائشی ٹینٹ پر دیوار گرنے سے ایک لڑکی جان بحق ہوئی ہے اور اس کاوالد زخمی ہوا ہے۔

بڈگام سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ گُڈکھال چاڈورہ کے جنگلاتی علاقے میں ایک ٹینٹ پر درخت گرنے سے دو افراد زخمی ہوئے، جن میں سے بعد میںآج ایک شخص اسپتال SMHS میں چل بسا ۔

JDU

جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کل رات وادی کے مختلف علاقوں میں تیز آندھی JDU سے جائیداد کو ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ متاثرین کے حق میں فوری طور امداد واگذر کرے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثرمقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ 1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16اعشاریہ 2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر26 اور غروب آفتاب شام7بجکر29منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

………………………………………

………………………………………

………………………………………